# 4143 ـ خاوند عصبيت کا مالک ہے اس کے لیے کونسی دعا کرے

**سوال**

میری بہن نے شادی کی اورشادی کی کچھ مدت بعد اس کا خاوند عصبیت کا مالک بن گیا حتی کہ وہ بہت ہی زیادہ تعصب کرنے لگا ہے توکیا کوئي ایسی دعا یا پھر سورۃ ہے جس کےپڑھنے سے وہ اپنے خاوند کو اس سے بچا سکے اورپہلے کی طرح زندگي گزارنے لگے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس حالت کے لیے کوئي مخصوص دعا یا پھر کوئي سورت نہیں ہے ، لیکن یہ ممکن ہے کہ بیوی اپنے خاوند کے لیے دعا کرے کہ اللہ تعالی اس کے خاوند کو اس سے نجات دے مثلا وہ یہ کہے : اے اللہ اس سے غضب اورغصہ ختم کردے ، اے اللہ اسے حلیم وبردبار بنا دے ، اے اللہ اس پر سکون نازل فرما ۔

بیوی کوچاہیے کہ وہ اپنے رب کواس کے اسمائے حسنی اورصفات علا کے ساتھ پکارے اوراس کے سامنے التجا کرتے ہوئے گڑگڑائے اورعاجزي کا اظہار کرے اوراس کے لیے اسے قبولیت کے اوقات خاص کرنا چاہیے مثلا رات کے آخری حصہ میں یا پھر جمعہ والے دن کے آخری حصہ میں ، اورعرفات کے دن اور اسی طرح سجدہ وغیرہ میں دعا کا اہتمام کرے ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ ان دونوں کے حالات کی اصلاح فرمائے ، اورہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .